02اپریل2013ء

اسٹوڈنٹ قرضہ اسکیم کی ایپکس کمیٹی نے سال 2012-2011ء کے سیشن کے لیے 105.849 ملین روپے کی منظوری دے دی

اسٹوڈنٹ قرضہ اسکیم کی ایپکس کمیٹی نے آج اسٹیٹ بینک کراچی میں منعقد ہونے والے اجلاس میں پاکستان میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے مستحق طلبہ کو بلاسود قرضے کی فراہمی کے لیے 105.849 ملین روپے کی منظوری دے دی۔

2012-2011ء کے سیشن کے لیے مختلف شعبوں میں پورے ملک سے تعلق رکھنے والے گریجویشن، ماسٹرز اور پی ایچ ڈی پروگراموں کے مجموعی طور پر 744 مستحق طلبہ اس اسکیم سے فائدہ اٹھاسکیں گے۔

اجلاس میں فنانس ڈویژن اسٹیٹ بینک آف پاکستان، نیشنل بینک آف پاکستان، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، الائیڈ بینک لمیٹڈ، حبیب بینک لمیٹڈ اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کے نمائندوں نے شرکت کی۔

☆☆☆